© rasailojaraid.com

مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

ماہنامہ: آب حیاتِ لاہور (خصوصی شمارہ) اپریل ۲۰۰۵ء ضخامت: ۲۹۰ صفحات

قیمت: -/۳۰ روپے پتہ: دفتر ماہنامہ آب حیات۔ ۱۴۹ فیروز پور روڈ لاہور

ماہنامہ ''آب حیات'' جو کہ ملک کے نامور ادیب ممتاز اہل قلم اعلیٰ پایہ کے مدرس اور ہمہ پہلو شخصیت مولانا محمود الرشید حدوٹی کی زیر ادارت ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے اور جس نے قلیل مدت میں اپنا ایک خاص مقام علمی و ادبی حلقوں میں پیدا کیا ہے۔ یہ سہرا اس کے مدیر شہیر کے سر جاتا ہے جن کی شبانہ روز کوششوں سے یہ ماہنامہ آج اس مقام پر کھڑا ہے۔ ......... زیر تبصرہ رسالہ سیرت انبیاء کرام علیھم السلام پر خصوصی اشاعت ہے جس میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم النبین حضرت محمد ﷺ تک ۲۱ انبیاء کرام کے متعلق انتہائی معلومات افزاء مضامین ومقالات ہیں۔ جس سے روح کو بالیدگی اور طراوت ملتی ہے اس سے پہلے مختلف حوالوں سے اس رسالے کی خصوصی اشاعتیں نکلی ہیں اور وہ اہل علم وارباب قلم سے داد تحسین پا چکی ہیں۔ مثلاً سیرت النبیؐ نمبر ۲۔ سیرت النبیؐ کا عسکری پہلو ۳۔ خصوصی سیرت النبیؐ ۴۔ سقوط بغداد ۵۔ ارتداد مہم نمبر ۶۔ شفائیہ اجتماع نمبر ۷۔ آخری دس سورتوں کی تفسیر نمبر ۸۔ اسلامی عبادات نمبر ۹۔ نغمہ زنداں ۱۰۔ بیماری کا علاج نمبر ۱۱۔ معاشی نظام نمبر

موجودہ خصوصی اشاعت بھی اسی سلسلہ الذھب کی ایک خوبصورت ومربوط کڑی ہے بلاشبہ یہ خصوصی اشاعت بھی دوسرے خصوصی نمبرات کی طرح اس قابل ہے کہ اسے لائبریری کی زینت بنائی جائے۔ دیدہ زیب کمپوزنگ اور خوبصورت ٹائٹل کی طرح اگر کاغذ بھی معیاری استعمال کیا جاتا تو پرچے کا حسن دوبالا ہو جاتا۔

---

کتاب: جمالِ محمدؐ کا دلربا منظر مؤلف: مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت: ۲۰۶ صفحات

قیمت: -/۱۲۰ روپے ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرۃ خالق آباد نوشہرہ

مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے موفق من اللہ قلم سے نوازا ہے۔ اور تصنیف وتالیف کی دنیا میں اپنی نظیر آپ ہیں۔ مہینہ ڈیڑھ مہینہ بعد ان کی کوئی نہ کوئی تصنیف یا تالیف مارکیٹ میں آتی ہے۔ آپ درجنوں کتابیں تحریر کر چکے ہیں۔ اور یہ سلسلہ تاہنوز جاری ہے اللہ تعالیٰ ان کے علم وقلم میں مزید برکت ڈالے تاکہ امت کو اس قسم کی علمی سوغاتوں سے نوازتے رہیں۔ .............................

(بقیہ صفحہ ۲۹ پر)

© rasailojaraid.com